7426 ـ روزہ چھوڑالیکن شرم وحیاءکی بناپرروزہ نہیں رکھا

سوال

میں جب چھوٹی اورتیرہ سال کی عمرمیں تھی تورمضان میں روزے رکھےاورحیض کی بناپرچار روزےچھوڑےلیکن شرم وحیاءکی بناپرکسی کوبھی اس کانہیں بتایاتواب اس کوآٹھ سال گزرچکےہیں مجھےکیا کرناچاہئے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ نےاتنی لمبی مدت کےاندربھی قضاءنہ کرکےبہت بڑی غلطی کی ہےکیونکہ یہ حیض اللہ تعالی نےآدم کی بیٹیوں کےمقدر میں لکھاہواہےاورپھردین میں کسی قسم کی حیاءنہیں آپ پرضروری ہےکہ ان چاردنوں کی قضاءجلدازجلدکریں اوراس کےساتھ آپ کےذمہ کفارہ بھی ہے جوکہ ہردن کےبدلہ میں ایک مسکین کاکھاناہےاوروہ تقریبادوصاع ہےجوکہ ملکی غذامیں سےکسی ایک یاکئی مساکین کودیاجائےگا .